رجسٹریشن نمبر: F 23882 اورنگ آباد

پسند فرمودہ

حکیم الاسلام حضرت قاری محمد طیب صاحب سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند وصاحبزادہ خطیب الاسلام حضرت مولانا محمد سالم صاحب قاسمی صدر مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند

رابطۂ وفاق المدارس العربیہ مرھٹواڑہ، اورنگ آباد

RABTA-E-WAFAQUL MADARISUL ARABIA MARATHWADA

زیر انصرام

رابطۂ مدارس عربیہ دینیہ ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی، اورنگ آباد مہاراشٹر

Rabta-e-Madaris-e- Diniyaa Educational & Welfare Society, Aurangabad

Nizamuddin Raod, Shaganj, Bukkal Guda, Lane No.2 Aurangabad. 431001 (M.S.) Cell: 09421413823 / 7038912003

اغراض و مقاصد

(۱) رابطۂ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند کی تجاویز سے استفادہ کرکے ان کی ترجمانی کرنا اور مدارس کو آگاہ کرنا۔ (۲) جدید حالات میں دینی مدارس کے تحفظ کی تدابیر سے آگاہ کرنا۔ (۳) حکایات اسلاف سے طلبہ کی ذہنی تربیت کرنا۔ (۴) دین کی خدمت اور اس کی اشاعت کا جذبہ پیدا کرنا۔ (۵) بانی دارالعلوم دیوبند کے اصول مشکاۃ کی طرف توجہ دلانا۔ (۶) مرکز دارالعلوم دیوبند سے مربوط ہونے کے لئے اہل مدارس کو توجہ دلانا۔ (۷) طلبہ کو مضمون نگاری کی ترغیب دینا۔ قوس وقزح کی طرف خوشنما ان مقاصد سے مدارس کی رہنمائی کرنا۔ رابطہ وفاق المدارس العربیہ مرھٹواڑہ اورنگ آباد کے پیش نظر ہے۔

1-3-2020

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترمت قبلہ درجت شیخ طریقت رہبر شریعت حضرت ڈاکٹر سید محمود قادری صاحب قبلہ بیجاپور

السلام علیکم رحمۃ اللہ وبرکاتہ، عرض خدمت یہ ہے کہ آپ کی عنایت کردہ مرسلہ کتب اصلاحی مقالات، ایمانی خطبات قادریہ، مجالس معرفت کے تمام حصوں کا مطالعہ بڑے غور وفکر سے میں نے کیا تو الحمد للہ ماشاء اللہ ان کتب میں علمی مواد بہت ہے۔ قرآن وحدیث، فقہ وفتوی، اقوال زریں، ناصحانہ اشعار سے ایک سماں بندھ جاتا ہے۔ کسی بھی موضوع کو پڑھا جائے، دل بھرتا نہیں ہے، پڑھنے کو جی چاہتا ہے، کچھ علمی موضوعات پڑھنے سے میرے علم ومطالعہ کے اندر ایک تازگی پیدا ہوئی ہے، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر دے کہ آپ امت مسلمہ کی رہنمائی کے لئے رشد وہدایت اور مختلف تالیفات اور مختلف اوقات وقف کئے ہوئے ہیں، آپ راقم السطور کے لئے ترقی درجات کی دعا کریں۔

ماشاء اللہ آپ کو جو معلومات حاصل ہیں وہ آج کے نئی نسل کے علاوہ کو حاصل نہیں ان کا مطالعہ نہیں ہے۔ آجکل بڑے بڑے موبائل لئے پھر رہے ہیں ان کی بے ہودہ اور ناجائز دلچسپیوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ اللہ ان سے بچائے، میں نے آپ کی کتابوں سے بہت کچھ استفادہ کیا ہے، اللہ مزید ترقی دے مجھ پر فالج کا حملہ سر کے بیدھے حصے سے پاؤں تک ہوا تھا، اب دھیرے دھیرے اچھا ہو رہا ہوں۔ ابھی میں معذور ہوں۔ خود سے اٹھ بیٹھ نہیں سکتا۔ چل نہیں سکتا، الحمد للہ میری بینائی اچھی ہے، دور اور نزدیک کی نگاہ ٹھیک ہے۔ اب میرے ہاتھ بھی کام کر رہے ہیں، یہ جو کچھ لکھا گیا ہے الحمد للہ میرے اپنے ہاتھ کی حرکت کی نشانی ہے، آپ میرے فالج کے از الہ کے لئے دعا فرمائیے، آپ کی دعا میں اثر ہے۔ امید کہ مجھکو دعاء خیر سے محروم نہ کریں گے۔

محمد عبد اللہ قاسمی اورنگ آباد

Scanned with CamScanner